**حکومتِ گلگت بلتستان**

**نظامت زراعت گلگت ریجن**

**ٹینڈر نوٹس**

**مورخہ: 24 اگست 2026**

**فائل نمبر: No. DT-Dev-3(PF&HP)/25-26**

ڈائریکٹوریٹ زراعت گلگت ریجن متعلقہ فرمز / سپلائرز سے، جنہیں مطلوبہ تجربہ حاصل ہو، درج ذیل اشیاء کی خریداری کے لیے کوٹیشنز طلب کرتا ہے:

1. شہد کی مکھیوں کی کالونیاں اور کٹس

2. کلاؤ کا میچ یونٹ مشینری

3. ماسٹر ٹریز

4. لیبارٹری کیمیکل اور لوازمات

5. لیبارٹری آلات / مشینری

6. کاشتکاروں کی تربیت کے دوران چائے / کھانا (ریفریشمنٹ)

7. شہد / خوراک نمائش

ٹینڈر دستاویزات، جن میں اشیاء کی تفصیلات، خدمات کے علاوہ شرائط و ضوابط شامل ہیں، پراجیکٹ انچارج "پرموشن آف فروٹس اینڈ ہنی ویلیو ایڈڈ پراڈکٹس اِن جی آر" کے دفتر، ڈائریکٹوریٹ زراعت، کے آئی یو روڈ گلگت سے دفتری اوقات کے دوران 10.09.2026 (صبح 10:00 بجے) تک، این بی پی میں خزانہ چالان کے ذریعے دستاویزی فیس جمع کروانے کے بعد حاصل کی جاسکتی ہیں۔ ٹینڈرز اسی تاریخ کو صبح 10:30 بجے کھولے جائیں گے۔

**شرائط و ضوابط:**

1. سربمہر ٹینڈر دستاویزات مندرجہ ذیل دستخط کنندہ کے دفتر میں 10.9.2026 بروز صبح 10:00 بجے تک پہنچنی چاہئیں۔

2. کوٹیشنز کے ساتھ کال ڈپازٹ رسید، جیسا کہ ٹینڈر دستاویزات میں تکنیکی جانچ کے معیار میں درج ہے، بطور ضمانت، ڈائریکٹر ایگریکلچر گلگت ریجن کے نام منسلک ہونی چاہیے۔

3. اشیاء کی خریداری فنڈز کی دستیابی کے مطابق کی جا ئے گی۔ فنڈز کی فراہمی کے تحت اشیاء کی مقدار میں اضافہ / کمی یا حذف کیا جاسکتا ہے۔ منظور شدہ ٹینڈر / ریٹس 30-06-2027 تک قابلِ عمل رہیں گے۔

4. ٹبنڈر کے لیے یک مرحلہ دو لفافہ جاتی طریقہ کار اپنایا جائے گا۔ صرف تکنیکی طور پر کامیاب شدہ ٹینڈر کو اگلے مرحلے / مالی بولیوں میں شامل کیا جائے گا۔

5. مارکیٹ میں رائج نرخوں کے مقابلے بیں غیر حقیقی یا غیر معقول طور پر زیادہ یا کم نرخ پیش کرنے والی بولیوں کو خریداری کرنے والا ادارہ مسترد کر سکتا ہے۔

6. خزانہ چالان کو تکنیکی دستاویز کے ساتھ منسلک کرنا لازمی ہے۔

7. دستخط کنندہ کو GB-PPRA قواعد کے مطابق کسی بھی یا تمام تجاویز کو مسترد کرنے کا حق حاصل ہے۔


(اقبال حسین)

ڈائریکٹر ایگریکلچر

گلگت ریجن

فون: 0581920837

dev.agrigb@gmail.com